© rasailojaraid.com

ترجمہ و تفسیر سے فیض یاب کیا ہے اور یہ سلسلہ اب بھی جاری ہے۔

قرآن کریم کو اس کی روایتی ترتیب سے ہٹ کر مضامین کے حوالے سے پڑھانا اور اجتماعی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر قرآن حکیم کو ایک نظام اور مجموعہ قوانین و ضوابط کی حیثیت سے پیش کرنا مولانا عباسی کا خصوصی ذوق ہے جو انہیں حضرت امام لاہوری سے ودیعت میں ملا ہے اور زیرِ نظر مجموعہ ان کے اسی ذوق کا شاہکار ہے۔

مولانا موصوف اجتماعی زندگی کے مختلف شعبوں کے بارے میں قرآن کریم کی ہدایات کو الگ الگ مجموعہ جات کی صورت میں پیش کرنے کا عزم رکھتے ہیں اور اس کا آغاز انہوں نے خواتین کے حقوق و فرائض اور ان سے متعلقہ مسائل پر مشتمل زیرِ نظر مجموعہ سے کیا ہے جسے خلاصۂ تفسیر القرآن کی جلد خاص کا عنوان دیا گیا ہے۔ اسلام میں خواتین کے مقام و حیثیت اور ان کے حقوق و فرائض کی وضاحت کے ساتھ ساتھ نکاح، طلاق، عدت، وراثت، حدود، شہادت، پردہ اور دیگر ضروری امور کے بارے میں قرآن و سنت کی ہدایات و احکام کو اچھے پیرائے میں بیان کر کے مصنف نے مغربی تہذیب کی حمایتی لابیوں کی یلغار کے اس دور میں وقت کی ایک اہم ضرورت کو پورا کیا ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ مختلف نظام ہائے زندگی کی کشمکش کی اس فضا میں قرآن کریم کے بحیثیت نظامِ زندگی مطالعہ کے ذوق کو زیادہ سے زیادہ عام کرنے کی ضرورت ہے اور مولانا عباسی کی یہ کاوش اس سمت ایک بہتر پیش رفت ہے۔

## وہ عہد کا رسول ﷺ

مرتب: مولانا عبد اللطیف مسعود

صفحات ۱۳۰ کتابت و طباعت گوارا

قیمت پندرہ روپے

ملنے کا پتہ: مدینہ پبلشنگ مرکز، مین بازار ڈسکہ، ضلع سیالکوٹ

مصنف نے اس کتابچہ میں جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کے بارے میں قرآن کریم کے ساتھ ساتھ بائبل سے بھی دلائل پیش کیے ہیں اور سابقہ آسمانی کتب میں جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کی پیشگوئیوں اور بشارات کے علاوہ سید المرسلین ﷺ کی صداقت و رسالت پر غیر مسلم مشاہیر کے اقوال بھی اچھے انداز میں جمع کر دیے ہیں اور اس سلسلہ میں مسیحی مصنفین کے اعتراضات کا بھی مسکت جواب دیا ہے۔

## تجلیاتِ حبیب ؒ

مصنف مولانا محمد نعیم اللہ فاروقی

کتابت و طباعت عمدہ صفحات ۶۸

ملنے کا پتہ: جامع مسجد زینب بند روڈ لاہور ۲۵

حضرت مولانا غلام حبیب نقشبندی قدس اللہ سرہ العزیز ہمارے دور کے اہل اللہ میں سے تھے جنہوں نے اپنے اسلاف کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے مسلمانوں میں اللہ اللہ کا ذوق بیدار کرنے اور قرآن و سنت کی تعلیمات کو عام کرنے کے لیے ساری زندگی محنت کی۔ ان کے خلیفہ مجاز مولانا محمد نعیم اللہ فاروقی نے اس رسالہ میں اپنے شیخ کے حالاتِ زندگی، جہد و عمل اور ملفوظات کو پیش کیا ہے جس کا مطالعہ نوجوان علماء کے لیے بالخصوص افادیت کا باعث ہوگا۔

## سازش کا پردہ چاک ہوتا ہے

مصنف جناب محمد اسلم رانا

صفحات ۴۲ قیمت -/۴ روپے

ملنے کا پتہ: ۱۔ اسلامی مشن سنت نگر لاہور

۲۔ مرکز تحقیق مسیحیت، ملک پارک، شاہدرہ لاہور

جناب محمد اسلم رانا ایک عرصہ سے پاکستان میں عیسائی اداروں کی تبلیغی سرگرمیوں کے تعاقب کا فریضہ سر انجام دے رہے ہیں اور حالات

© rasailojaraid.com